حکومت پاکستان

وزارت خزانہ، ریونیو و اقتصادی امور

(ریونیو ڈویژن)

اسلام آباد، 26 فروری، 2019ء

# نوٹیفکیشن

(سیلز ٹیکس)

**SRO.253(1)/2019**- ہر گاہ کہ حکومت پاکستان نے کاٹن سیڈ پر سیلز ٹیکس کی ادائیگی کے لیے خصوصی طریقہ کار وضع کرنے اور کاٹن سیڈ آئل کیک کو سیلز ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دینے کے لیے حاصل اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے سیلز ٹیکس (خصوصی طریقہ کار) رولز، 2007ء میں نوٹیفکیشن نمبر SRO.188(I)/2015 بتاریخ 5 مارچ 2015ء کے ذریعے ترامیم کیں؛

ہر گاہ کہ متذکورہ نوٹیفکیشن کو لاہور ہائی کورٹ نے اس بناء پر کالعدم قرار دے دیا تھا وفاقی کابینہ کی منظوری نہیں لی گئی اور سپریم کورٹ نے بھی 16 اپریل، 2018ء کو سول پٹیشنز نمبر 1028 تا 1121، 1433 تا 1458 اور 2550 تا 2553 بابت 2017ء پر فیصلہ سناتے ہوئے ہائی کورٹ کے فیصلے کو برقرار رکھا؛

اور ہر گاہ کہ یہ ضروری ہے کہ سیلز ٹیکس کی صورت میں محصولات کی تسلسل کے ساتھ اور زیادہ سے زیادہ وصولی کے لیے خصوصی طریقہ کار وضع کیا جائے؛

اب اس لیے وفاقی حکومت نے سیلز ٹیکس ایکٹ، 1990 کی دفعہ 71 جسے دفعہ 2 کی شق (9) اور (46)، دفعہ 3 اور 4، دفعہ 6 کی ذیلی دفعہ (2)، دفعہ 7، دفعہ 7A، دفعہ 8 کی ذیلی دفعہ (1) کی شق (b)، دفعہ 13 کی ذیلی دفعہ (2) کی شق (a)، دفعہ 22 کی ذیلی دفعہ (2A) اور (3)، دفعہ 23 اور دفعہ 60 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے گا، کے تحت حاصل اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے سیلز ٹیکس (خصوصی طریقہ کار) رولز، 2007ء میں مندرجہ ذیل مزید ترامیم کی ہدایت کی ہے، تصور کیا جائے گا کہ یہ ترامیم یکم جولائی، 2018ء سے نافذ العمل ہیں، یعنی:-

متذکرہ بالا قواعد میں-

a) رول 59 اور 60 کو نئے نمبر بالترتیب رول 58U اور 58V دیئے جائیں گے؛ اور

b) رول 58V، جو کہ متذکرہ بالا میں نیا نمبر دیا گیا ہے، کے بعد مندرجہ ذیل نئے باب XV اور اس کے تحت رولز کا اضافہ کیا جائے گا، یعنی:-

## "باب XV

## آئل ایکسپلنگ ملز اور جننگ و ایکسپلنگ کے یونٹس کی طرف سے کاٹن سیڈ سے نکالے گئے آئل پر سیلز ٹیکس کے نفاذ کا خصوصی طریقہ کار

**58W-اطلاق**- اس باب کی دفعات کا اطلاق کاٹن سیڈ آئل پر واجب الادا سیلز ٹیکس اور کاٹن سیڈ کی سپلائی کا کام کرنے والے افراد نیز کاٹن سیڈ سے آئل نکالنے والے جننگ و ایکسپلنگ کے مشترکہ یونٹس پر واجب الادا سیلز ٹیکس پر ہو گا۔

**58X- ٹیکس کا اطلاق اور دائرہ کار**-وفاقی حکومت کے نوٹیفکیشن نمبر 2013/(I)SRO.213 بتاریخ 15 مارچ، 2013ء کے تحت کاٹن سیڈ آئل کی سپلائی پر واجب الادا سیلز ٹیکس کاٹن سیڈ کی سپلائی کے وقت اس کی مقدار کے اعتبار سے یا کمپوزٹ کاٹن جننگ یونٹس کی طرف سے ان ہاؤس استعمال کی صورت میں مقدار کے اعتبار سے وصول کیا جائے گا۔

**58Y- سیلز ٹیکس کی ادائیگی کا طریقہ اور نافذ العمل شرح**-(1) اس باب کے تحت واجب الادا سیلز ٹیکس کاٹن جنرز کی طرف سے ان ہاؤس استعمال کے لیے کاٹن سیڈ کی سپلائی کے وقت عائد اور جمع کیا جائے گا یا کسی دیگر رجسٹرڈ یا غیر رجسٹرڈ فرد کو تیل نکالنے کی غرض سے سپلائی کے وقت عائد اور جمع کیا جائے گا، اس کی شرح حسب ذیل ہو گی-

a) یکم جولائی 2018 سے 30 جون، 2019 (دونوں دن شامل ہوں گے) تک کی مدت کے لیے 40 کلو کاٹن سیڈ پر 7 روپے
b) یکم جولائی 2019ء سے شروع ہونے والی مدت کے لیے 40 کلو کاٹن سیڈ پر 8 روپے

(2) تمام کاٹن جنرز اگر وہ پہلے رجسٹرڈ نہ ہوں یا ان کا رجسٹرڈ ہونا ضروری ہو، ان رولز کے مقصد کے تحت سیلز ٹیکس کے لیے رجسٹر ہوں گے۔

(3) کاٹن جنرز کی طرف سے اس طرح عائد کیا گیا اور جمع کیا سیلز ٹیکس ماہانہ گوشواروں میں ظاہر کیا جائے گا اور اسے ان پٹ ٹیکس کی ایڈجسٹمنٹ کے بغیر ڈیپازٹ کروایا جائے گا۔

(4) کاٹن سیڈ کے سپلائرز اس باب کے تحت عائد کیے گئے سیلز ٹیکس کو ان کی طرف سے جاری کی گئی سیلز ٹیکس کی انوائس میں الگ سے درج کریں گے۔

(5) تیل نکالنے والے یونٹ جو کاٹن سیڈ استعمال کرتے ہیں جس پر کہ متذکرہ بالا طریقے کے تحت سیلز ٹیکس عائد اور وصول کیا جا چکا ہے وہ اس کاٹن سیڈ سے تیار ہونے والے آئل کیک کی سپلائی پر سیلز ٹیکس سے مستثنیٰ ہوں گے۔

(6) جنر (ginner) اپنے علاقے کے کمشنر کو ٹیکس پیریڈ کے بعد والے مہینے کی 15 تاریخ کو آگاہ کرے گا کہ کپاس کے کاشتکاروں کو بوائی کے مقصد کے لیے کاٹن سیڈ کی کتنی مقدار سپلائی کی گئی ہے۔

**58Z ماہانہ سٹیٹمنٹ**- ہر جننگ یونٹ بشمول کمپوزٹ جننگ یونٹ اپنے متعلقہ علاقے کے کمشنر آف ان لینڈ ریونیو کو پیداوار کی ماہانہ سٹیٹمنٹ فراہم کرے گا جس میں بیج سے الگ کی گئی کاٹن، کاٹن سیڈ اور کاٹن سیڈ آئل کی مقدار کے بارے میں منسلکہ-I کی طرز پر آگاہ کرے گا، یہ سٹیٹمنٹ ٹیکس پیریڈ کے بعد والے مہینے کے 15 ویں دن فراہم کی جائے گی۔

**58ZA- جننگ یونٹ کی طرف سے دیا جانے والا نوٹس-** جننگ یونٹ، یا جو بھی صورت ہو، کمپوزٹ جننگ یونٹ جننگ کا کام شروع کرنے اور اس کے بند ہونے کے بارے میں اپنے متعلقہ علاقے کے کمشنر آف ان لینڈ ریونیو کو کام کے آغاز یا بندش کے تین دن کے اندر اندر آگاہ کرے گا۔

**58ZB- جننگ یونٹ کی طرف سے فراہم کی جانے والی حتمی سٹیٹمنٹ-**(1) ہر جننگ یونٹ بشمول کمپوزٹ جننگ یونٹ جننگ کا کام ختم ہونے کے پندرہ دن کے اندر اندر اپنے متعلقہ علاقے کے کمشنر آف ان لینڈ ریونیو کو حتمی سٹیٹمنٹ فراہم کرے گا جس میں بیج سے الگ کی گئی کاٹن، کاٹن سیڈ، کاٹن سیڈ آئل، آئل کیک اور آئل ڈرٹ کی پیداوار اور سپلائی کے بارے میں آگاہ کیا جائے گا، یہ سٹیٹمنٹ منسلکہ-J کی صورت میں جمع کروائی جائے گی۔

(2) اگر کوئی کاٹن جنر یا کمپوزٹ کاٹن جننگ یونٹ اس باب کے تحت درکار کوئی سٹیٹمنٹ یا سرٹیفکیٹ فراہم کرنے میں ناکام رہتا ہے تو اس کے خلاف سیلز ٹیکس ایکٹ، 1990ء کی دفعہ 33 کے جدول کے سیریل نمبر 17 کے مطابق دیوانی کارروائی ہو گی؛ اور

(c) منسلکہ-H کے بعد مندرجہ ذیل نئے منسلکہ جات کا اضافہ کیا جائے گا، یعنی:-

**منسلکہ-I**

(دیکھیے رول 58Z)

جنرز کے لیے ماہانہ سٹیٹمنٹ

نام اور پتہ

رجسٹریشن نمبر

ٹیکس پیریڈ (مہینہ)

خریداری (پھٹی منوں میں)

پیداوار: کاٹن سیڈ　　　من / کلوگرام؛ کاٹن　　　گانٹھ

| سیریل نمبر | کاٹن سیڈ خریدنے والے کا نام اور پتہ یا ان ہاؤس استعمال | سیلز ٹیکس انوائس نمبر اور تاریخ | کاٹن سیڈ کی مقدار (کلوگرام) | مالیت (روپے) | واجب الادا سیلز ٹیکس---- روپے فی 40 کلو | ادا کیے گئے سیلز ٹیکس کی مالیت |
|---|---|---|---|---|---|---|
| (1) | (2) | (3) | (4) | (5) | (6) | (7) |
| | | | | | | |

**مسلکہ-J**

(دیکھیے رول58ZBکاذیلی رول(1)

## جنرز کے لیے حتمی سٹیٹمنٹ

نام اور پتہ

رجسٹریشن نمبر

سیزن/سال

| | |
|---|---|
| خریدی گئی پھٹی(من) | |
| کاٹن لنٹ کی پیداوار(گانٹھیں) | |
| کاٹن سیڈ کی پیداوار(کلوگرام) | |
| سپلائی کیاگیاکاٹن سیڈ(کلوگرام) | |
| واجب الادا سیلز ٹیکس-----روپے فی 40کلوگرام | |
| اداکیے گئے سیلز ٹیکس کی مالیت | |
| کاٹن سیڈ آئل کی پیداوار(کلوگرام) | |
| آئل کیک کی پیداوار(کلوگرام) | |
| آئل ڈرٹ کی پیداوار(کلوگرام) | |

F.No.1/42-STB/2012

**(ڈاکٹر حامد عتیق سرور)**

ایڈیشنل سیکرٹری